# آسان اُردو

# AASAAN URDU

اُردو بولو اُردو پڑھو اُردو لکھو

طالب علم کا نام : ______________________________

اسکول : ______________________________

جماعت و سیکشن : ______________________________

مقام : ______________________________

______________________________

# فہرست



| سبق نمبر | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | حروفِ تہجی | ۱ |
| ۲ | حروفِ تہجی کی شکلیں | ۳ |
| ۳ | الگ الگ دو حروفی الفاظ کی مشق | ۶ |
| ۴ | ملے ہوئے دو حروفی الفاظ کی مشق | ۹ |
| ۵ | الگ الگ تین حروفی الفاظ کی مشق | ۱۲ |
| ۶ | تین حروفی (مرکب الفاظ) کی مشق | ۱۵ |
| ۷ | چار الگ الگ حروف کے الفاظ کی مشق | ۱۹ |
| ۸ | چار حروفی مرکب الفاظ کی مشق | ۲۲ |
| ۹ | پانچ حروفی الفاظ کی مشق | ۲۶ |
| ۱۰ | مشدّد الفاظ کی مشق | ۳۱ |
| ۱۱ | ہکاری آواز والے (مرکب/مخلوط) حروف | ۳۴ |
| ۱۲ | نون کی دو حالتیں | ۳۸ |
| ۱۳ | الف کی دو حالتیں | ۴۱ |
| ۱۴ | واؤ کی تین حالتیں | ۴۳ |
| ۱۵ | 'ی' کی دو حالتیں | ۴۶ |
| ۱۶ | واحد اور جمع کی مشق | ۴۹ |
| ۱۷ | ہم آواز الفاظ- اضداد کی جانکاری | ۵۱ |
| ۱۸ | جنس (تذکیر و تانیث) | ۵۳ |
| ۱۹ | گِنتی | ۵۸ |

# سبق نمبر ۱

## حروفِ تہجی

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | پ | ت | ٹ | ث | ج | چ | ح |
| خ | د | ڈ | ذ | ر | ڑ | ز | ژ | س |
| ش | ص | ض | ط | ظ | ع | غ | ف | ق |
| ک | گ | ل | م | ن | و | ہ | ی | ے |

☜ حروف کی تقسیم کا شجرہ غور کریں۔




الف) بغیر نقطے والے حروف درج ذیل ہیں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ٹ | ح | د | ڈ | ر | ڑ | س | ص | ط |
| ع | ک | گ | ل | م | ں | و | ہ | ی | ے |

ب) ایک نقطے والے حروف دس (۱۰) ہیں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ب | ج | خ | ذ | ز | ض | ظ | غ | ف | ن |

ج) دو نقطے والے حروف صرف دو (۲) ہیں۔

| | |
|---|---|
| ت | ق |

د) تین نقطے والے حروف صرف پانچ (۵) ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پ | ث | چ | ژ | ش |

ہ) ہم شکل حروف اٹھائیس (۲۸) ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ب | پ | ت | ٹ | ث |
| ج | چ | ح | خ | |
| د | ڈ | ذ | | |
| ر | ڑ | ز | ژ | |
| س | ش | | | |
| ص | ض | | | |
| ط | ظ | | | |
| ع | غ | | | |
| ف | ق | | | |
| ک | گ | | | |

و) غیر عربی حروف

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پ | ٹ | چ | ڈ | ڑ | ژ | گ |

نوٹ:- بغیر نقطے والے اور نقطے والے (ایک، دو اور تین نقطے والے) حروف کو الگ الگ اپنی بیاض میں لکھیں۔

## سبق نمبر ۲

☜ حروف تہجی کی شکلیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| آ | آپ | قرآن | - | - | دُوآ |
| ا | اب | تلوار | جام | لا | جدا |
| ب<br>پ<br>ت<br>ٹ<br>ث | بھد<br>پھن<br>تھک<br>ٹھگ<br>ثمار | بات<br>پان<br>تاج<br>ٹاٹ<br>ثانی | بوٹ<br>پوٹ<br>توبہ<br>ٹوٹ<br>ثور | محبت<br>سپت<br>کتنا<br>چٹکا<br>کثیف | جب<br>چپ<br>بُت<br>جھٹ<br>بحث |
| ج<br>چ<br>ح<br>خ | جب<br>چُب<br>حور<br>خوب | جزا<br>چرنا<br>حرم<br>خرچ | جھاڑ<br>چھان<br>حمد<br>خم | مجیب<br>بچہ<br>محنت<br>فخر | حج<br>سچ<br>مصلح<br>بطخ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| د<br>ڈ<br>ذ | دھن<br>ڈوب<br>ذات | جدید<br>لڈو<br>مذہب | بعد<br>اسٹینڈ<br>لذیذ | مرد<br>روڈ<br>محاذ | |
| ر<br>ڑ<br>ز<br>ژ | رات<br>-<br>زبان<br>ژراف | مریل<br>لڑکا<br>مزمّل<br>مژدہ | شیر<br>جڑ<br>میز<br>اژدہا | مار<br>جھاڑ<br>روز<br>ٹیلی ویژن | |
| س<br>ش | سوال<br>شب | سستا<br>ششم | حساب<br>عشق | بیس<br>عیش | پاس<br>کاش |
| ص<br>ض | صابن<br>ضد | مصیبت<br>رمضان | شخص<br>بعض | خواص<br>ارض | |
| ط<br>ظ | طوطا<br>ظاہر | اطوار<br>اظلام | قطرہ<br>عظیم | فقط<br>لفظ | خطوط<br>لحاظ |
| ع<br>غ | عورت<br>غوطہ | اعلان<br>اغلاط | معلوم<br>مغرب | جمع<br>بلغ | قطاع<br>چراغ |
| ف<br>ق | فن<br>قلم | مفت<br>مقبول | لطف<br>حق | اطراف<br>مذاق | |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ک<br>گ | کوئل<br>گواہ | کاتب<br>گلاب | شکل<br>سنگار | حکومت<br>جگہ | دھنک<br>جنگ | ادرک<br>بھاگ |
| ل | لب | لاری | جلن | معلوم | محل | رسول |
| م | من | محبت | مرد | ہمت | قسم | مقام |
| ن | نمک | نل | نسبت | لعنت | وطن | جان |
| ں | - | - | - | - | میں | ماں |
| و | وزن | وار | وقار | فون | وضو | جھاڑو |
| ہ | ہم | ہار | پہاڑ | طاہر | آئینہ | نگاہ |
| ھ | - | - | گھر | بھارت | ہاتھ | پڑھ |
| ء | دائم | آئینہ | عائشہ | آؤ | مرئ | اشیاء |
| ی | یوم | یک | یمن | شیر | کلی | تازی |
| ے | - | - | - | - | لڑکے | جلوے |

نوٹ:- ‘ں، ھ اور ء’ یہ اُردو زبان میں مستعمل ہیں لیکن حروف تہجی میں شمار نہیں۔

# سبق نمبر ۳

☜ الگ الگ دو حرو فی الفاظ کی مشق۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا+ب = اب | د+و = دو | د+م = دم | د+ن = دن |
| د+ل = دل | ر+س = رس | ر+ن = رن | آ+ج = آج |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اب | دو | زن | اُس | رب | رو | ڈر | دل | دُم |
| آس | دس | اُگ | رُخ | رن | رہ | رُک | دم | اُڑ |
| اے | زر | آگ | دن | رس | آن | اُم | دَف | زم |
| آڑ | آہ | اِس | وہ | رد | در | اِن | آج | آم |

**الف) اِن جملوں کو روانی سے پڑھیں۔**

| | | |
|---|---|---|
| ۱) دو آم دے دو۔ | ۲) یہ آبِ زم زم ہے۔ | ۳) آج جمعہ کا دن ہے۔ |
| ۴) اے خدا! | ۵) اُس کو آواز دو۔ | ۶) جانور کی دُم کٹی ہے۔ |
| ۷) تتلی اُڑ رہی ہے۔ | ۸) رب سے دعا کرو۔ | ۹) آگ جل رہی ہے۔ |
| ۱۰) فقیر دَف بجاتا ہے۔ | ۱۱) اکرم نے رن بنایا۔ | ۱۲) آس بُری چیز ہے۔ |
| ۱۳) عادل رو رہا ہے۔ | ۱۴) دن رات محنت کرو۔ | ۱۵) زن عورت کو کہتے ہیں۔ |
| ۱۶) آم کا رس میٹھا ہے۔ | ۱۷) وہ لڑکا ہے۔ | ۱۸) درخواست رد ہوا۔ |
| ۱۹) اللہ سے ڈر۔ | ۲۰) رُخ بدل دے۔ | ۲۱) گھانس اُگ رہا ہے۔ |

ب) جدول (الف) کی مدد سے جملے بنائیں۔

آم ________ دن ________

آج ________ دس ________

رب ________ دو ________

زن ________ اُس ________

ج) نیچے دیئے گئے حروف سے اشاروں کے مطابق الفاظ بنوایئے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| س | ب | آ | ر | خ | ہ |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ |

| | |
|---|---|
| ۱) ۳اور ۶ کو ملا کر لکھیے۔ ________ | ۲) ۴اور ۵ کو ملا کر لکھیے۔ ________ |
| ۳) ۴اور ۶ کو ملا کر لکھیے۔ ________ | ۴) ۳اور ۲ کو ملا کر لکھیے۔ ________ |
| ۵) ۳اور ۱ کو ملا کر لکھیے۔ ________ | ۱) ۴اور ۲ کو ملا کر لکھیے۔ ________ |

د) الفاظ اور اِن کے معنی زبانی یاد کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| زن = عورت | رس = جُوس | در = گھر، دروازہ | رد = انکار |
| زم = جم | زر = پیسہ | دَف = باجا | آس = اُمید |

☜ انگریزی اور اُردو کے عددی ہندسے دس ہیں۔ اِنھیں یاد رکھیں۔

| انگریزی | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 0 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُردو | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۰ |

نوٹ:- اِس سبق سے کوئی دس الفاظ اِملا کرائیں۔

## الگ الگ دو حرفی الفاظ کے لکھنے کی مشق۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اب | | | | | | |
| آم | | | | | | |
| دس | | | | | | |
| دن | | | | | | |
| دل | | | | | | |
| دو | | | | | | |
| در | | | | | | |
| دُم | | | | | | |
| رب | | | | | | |
| رُت | | | | | | |
| رُخ | | | | | | |
| رد | | | | | | |
| رس | | | | | | |
| زد | | | | | | |
| زن | | | | | | |
| ون | | | | | | |
| وہ | | | | | | |

# سبق نمبر ۴

☜ ملے ہوئے دو حروفی الفاظ کی مشق۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ب+د = بد | ت+ر = تر | ض+د = ضد | پ+ل = پل |
| ق+د = قد | ن+ل = نل | ک+ل = کل | س+چ = سچ |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بد | تر | ضد | تل | کل | ما | جل | پر | گا |
| چا | پل | جم | حل | ہم | قد | جد | بج | سن |
| تن | سج | سچ | سل | سب | لب | تب | جب | بن |
| غم | خم | جِن | سُن | خط | تم | کو | کی | ہو |
| مر | مل | مت | حج | پد | پُر | بُت | گِن | گُن |

الف) اِن جملوں کو روانی سے پڑھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱) سب سچ بولو۔ | ۲) شک مت کر۔ | ۳) خط لکھ۔ |
| ۴) ہم بچ گئے۔ | ۵) وہ بُت ہے۔ | ۶) حل چلا۔ |
| ۷) حج کو جا۔ | ۸) غم نہ کر۔ | ۹) قد بڑھا۔ |
| ۱۰) اس سے مت لڑ۔ | ۱۱) مل کر چل۔ | ۱۲) دس بج گئے۔ |
| ۱۳) ضد نہ کر۔ | ۱۴) نل چلا۔ | ۱۵) حاجی نے حج کیا۔ |

ب) اِن الفاظ کے حروف کو الگ الگ کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ضد=____+__ | لب=____+____ | پل=____+____ | سچ=____+__ |
| پر=____+____ | سب=____+____ | قد=____+____ | بت=__+__ |

ج) الفاظ اور اِن کے معنی زبانی یاد کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لب=ہونٹ | بد= بُرا | جل=پانی | جد=دادا | بُت=مورتی | سج= سنگھار |
| حُب=محبت | غم=دُکھ | پل=وقت | سن= سال | مت= نہیں | تن= جسم |

## اعراب کی اصطلاحات

زبر( َ ): یہ نشان حرف کے اوپر لگایا جاتا ہے۔ جس حرف پر یہ نشان آئے اسے مفتوح کہتے ہیں۔

جیسے: رَب، دَس، دَم، لَب، نَل، جَل، بَس، رَس، بَن، وغیرہ۔

زیر( ِ ): یہ نشان حرف کے نیچے لگایا جاتا ہے۔ جس حرف کے نیچے یہ نشان آئے اسے مکسور کہتے ہیں۔

جیسے: فِکر، جِگر، اِقرار، اِملی، اِنسان، مِل، اِسلام، دِن، دِق، وغیرہ۔

پیش( ُ ): یہ نشان حرف کے اوپر لگایا جاتا ہے۔ جس حرف پر یہ نشان آئے اسے مضموم کہتے ہیں۔

جیسے: خُدا، مُحمد، رُستم، پُکار، دُم، گُل، سُن، پُل، جُرم، وغیرہ۔

تنوین( ً ): دو زبر، دو زیر اور دو پیش کو تنوین کہتے ہیں۔ یہ نشان حرف پر آئے وہ موّن

جیسے: مثلاً، فوراً، یقیناً، خصوصاً، غالباً، ظلماً، اتفاقاً، جبراً، عملاً، وغیرہ۔

نوٹ:- اُردو زبان میں اکثر دو زبر ہی کی تنوین مستعمل ہے۔

نوٹ:- اِس سبق سے کوئی دس الفاظ اِملا کرائیں۔

☜ ملے ہوئے دو حرو فی الفاظ کے لکھنے کی مشق۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بد | | | | | | |
| پر | | | | | | |
| تب | | | | | | |
| تن | | | | | | |
| جم | | | | | | |
| جن | | | | | | |
| حج | | | | | | |
| حل | | | | | | |
| سب | | | | | | |
| سچ | | | | | | |
| سج | | | | | | |
| غم | | | | | | |
| فن | | | | | | |
| قد | | | | | | |
| کم | | | | | | |
| مِل | | | | | | |
| نل | | | | | | |

# سبق نمبر ۵

☜ الگ الگ تین حروفی الفاظ کی مشق۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا+د+ب = ادب | ا+د+ا = ادا | د+ر+س = درس | ا+ر+ض = ارض |
| د+ا+غ = داغ | آ+د+م = آدم | و+ز+ن = وزن | د+و+ر = دور |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ادب | ادا | ازل | اور | ارض | آرا | درج | دال | دام |
| درس | درد | دوا | دوش | داغ | دُور | ڈور | ڈرم | ڈوب |
| ڈول | ذات | روز | رزق | راز | روا | راج | راہ | رات |
| روڈ | زرد | زور | واہ | وار | ورق | ورم | وزن | ووٹ |

**الف) اِن جملوں کو روانی سے پڑھیے۔ تین حروفی الفاظ پر خط کشید کریں۔**

| | |
|---|---|
| ۱) دادا کو دوا دو۔ | ۲) ٹوپی کو داغ دھبّے سے بچاؤ۔ |
| ۳) وہ لڑکا اونچی ذات کا ہے۔ | ۴) آج اِس کا راج ہے۔ |
| ۵) آرا حامد کو دے دو۔ | ۶) آم کے دام کیا ہیں؟ |
| ۷) دال اُبل رہی ہے۔ | ۸) اللہ سب کو رزق دیتا ہے۔ |
| ۹) سلمیٰ کے سر میں درد ہے۔ | ۱۰) استاذ درس دے رہے ہیں۔ |
| ۱۱) اللہ ازل سے ابد تک رہے گا۔ | ۱۲) سیدھی راہ پر چل۔ |

ب) خالی جگہ ذیل کے مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذات | راز | ادب | درد | ورق | روز | راج | دام | دوا | راہ |

| | |
|---|---|
| ۱) ______ بات میں فرق نہ کرو۔ | ۲) کتاب کا ______ پھٹ گیا۔ |
| ۳) ______ ہی سے انسان، انسان ہے۔ | ۴) سیدھی ______ پر چل۔ |
| ۵) اِس کا ______ کھل گیا۔ | ۶) اِس گلی میں اِن کا ______ ہے۔ |
| ۷) آم کے ______ زیادہ ہیں۔ | ۸) سر میں ______ ہو رہا ہے۔ |
| ۹) ہر ______ ورزش کر۔ | ۱۰) مریض کو ______ دو۔ |

ج) الفاظ اوراِن کے معنی زبانی یاد کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| درس = سبق | ارض = زمین | ازل = پہلا دِن/شروع |
| راہ = راستہ | درج = لکھنا | دام = قیمت |
| وار = حملہ | دوش = کندھہ | ورم = سُوجن |

د) منتشر حروف کی مدد سے الفاظ لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| د | ڈ | ز |
| ا | ر | ڑ |
| ذ | و | ژ |

______ ______

______ ______

______ ______

نوٹ:- اِس سبق سے کوئی دس الفاظ اِملا کرائیں۔

الگ الگ تین حروفی الفاظ کے لکھنے کی مشق۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ادب | | | | | | |
| ادا | | | | | | |
| اور | | | | | | |
| دال | | | | | | |
| دام | | | | | | |
| دوا | | | | | | |
| ڈرم | | | | | | |
| ڈول | | | | | | |
| ذوق | | | | | | |
| رات | | | | | | |
| راج | | | | | | |
| راز | | | | | | |
| راہ | | | | | | |
| روز | | | | | | |
| ورق | | | | | | |
| ورم | | | | | | |
| وزن | | | | | | |

# سبق نمبر ۶

☜ تین حروفی (مرکب الفاظ) کی مشق۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ث+م+ر=ثمر | ت+ے+ل=تیل | ج+ی+ل=جیل | س+ب+ق=سبق |
| ع+ق+ل=عقل | ص+ب+ح=صبح | ن+ق+ل=نقل | ق+ط+ب=قطب |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تیل | بیل | جیل | ثمر | قمر | عمر | فجر | ظہر | چنے |
| عصر | کرم | جیت | گرم | صحن | غرض | سگا | نیک | عقل |
| شیر | قلم | بشر | نقل | خطا | بہن | بیگ | عطا | سبق |
| چہل | قطب | نبی | غسل | چمن | بجا | صبح | شکل | سخُن |

الف) اِن جملوں کو روانی سے پڑھیں اور تین حروفی الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔

| | |
|---|---|
| ۱) خدا کا شُکر ادا کرو۔ | ۲) حوض میں پانی ہے۔ |
| ۳) جیب میں روپے ہیں۔ | ۴) چمن میں قسم قسم کے پھول ہیں۔ |
| ۵) میز پر قلم ہے۔ | ۶) چیل ہوا میں اُڑ رہی ہے۔ |
| ۷) شیر جنگل میں رہتا ہے۔ | ۸) عمر اور قمر دونوں بھائی ہیں۔ |
| ۹) جیل میں قیدی ہیں۔ | ۱۰) درخت ثمر آور ہے۔ |
| ۱۱) ڈول سے پانی نکالو۔ | ۱۲) اس نے سبق یاد کرلیا۔ |
| ۱۳) نبی اللہ کے نیک بندے ہوتے ہیں۔ | ۱۴) رفیع جیت گیا۔ |
| ۱۵) عصر کی نماز کا وقت ہو گیا۔ | ۱۶) صبح جلد اُٹھا کرو۔ |

ب) اِن الفاظ کے حروف کو الگ الگ کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| قلم = ___ + ___ + ___ | فجر = ___ + ___ + ___ | ختم = ___ + ___ + ___ |
| طفل = ___ + ___ + ___ | حرم = ___ + ___ + ___ | علم = ___ + ___ + ___ |

ج) خالی جگہ ذیل کے مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

سبق | شیر | چمن | لال | ماں | قلم | قمر | جیب | ہرن | چیل

| | |
|---|---|
| ۱) ______ جنگل میں رہتا ہے۔ | ۲) ______ میں قِسم قِسم کے پھول ہیں۔ |
| ۳) میز پر ______ ہے۔ | ۴) اُستاذ ______ پڑھا رہے ہیں۔ |
| ۵) ٹماٹر ______ ہے۔ | ۶) ______ کی آنکھیں خوب صورت ہیں۔ |
| ۷) ______ میں روپے ہیں۔ | ۸) ______ کے قدموں کے نیچے جنّت ہے۔ |
| ۹) ______ کی نگاہ تیز ہے۔ | ۱۰) عمر اور ______ دونوں بھائی ہیں۔ |

د) نیچے دیئے گئے الفاظ پڑھیں۔ ◯ میں موجود الفاظ کے آخری حرف سے شروع ہونے والے لفظ کی طرف ⟵ کا نشان بنائیں۔

درد ⟵ دال

قلم

رات

زور

ورق

جان

تاج

موز

لڈو

ناک

کام

ہ) ایک جیسی شکل میں موجود الفاظ کو جوڑتے ہوئے جملے خالی خانوں میں لکھیں۔

سر آم آگ تیل دو ناچ

کرو کھا رہا جام ہے جلا

مور مت ہرا ڈال لا میں شور

| | |
|---|---|
| ۱) | ۲) |
| ۳) | ۴) |
| ۵) | ۶) |

و) الفاظ اور ان کے معنی زبانی یاد کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ثمر = پھل | صحن = آنگن | قمر = چاند |
| تیغ = تلوار | نقل = کاپی | عطا = دینا |
| شجر = درخت | چمن = باغ | خطا = غلطی |
| غسل = نہانا | عذر = بہانہ | مرض = بیماری |
| چہل = چالیس | سخُن = بات | بشر = اِنسان |

نوٹ:- اِس سبق سے کوئی دس الفاظ اِملا کرائیں۔

ملے ہوئے تین حروفی الفاظ کے لکھنے کی مشق۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بطخ | | | | | | |
| تیل | | | | | | |
| ثمر | | | | | | |
| جنگ | | | | | | |
| خُدا | | | | | | |
| سیب | | | | | | |
| شکل | | | | | | |
| صبح | | | | | | |
| ظہر | | | | | | |
| علم | | | | | | |
| فخر | | | | | | |
| قلم | | | | | | |
| کہر | | | | | | |
| لحن | | | | | | |
| محل | | | | | | |
| نوٹ | | | | | | |
| ہوا | | | | | | |

# سبق نمبر ۷

☜ چار الگ الگ حروف کے الفاظ کی مشق۔

| | | |
|---|---|---|
| اُ+ر+د+و= اُردو | آ+د+ا+ب= آداب | ا+د+ر+ک= ادرک |
| آ+ر+ز+و= آرزو | و+ا+ر+ث= وارث | د+و+ز+ق= دوزق |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آداب | آرام | آزاد | آواز | آرزو | اذان | ادرک | اُردو |
| وادی | روزن | درزی | دادا | رِواج | دوات | دورہ | درود |
| زوال | ڈوری | درون | وارث | اُڑان | اُداس | دوری | رازق |
| وردی | زردی | ورزش | دادی | درزن | روزی | روزہ | دوزخ |

**الف) اِن جملوں کو روانی سے پڑھیں۔**

| | |
|---|---|
| ۱) ادرک تازی ہے۔ | ۲) صبح کو ورزش کرو۔ |
| ۳) آرام حرام ہے۔ | ۴) درزی کپڑے سی رہا ہے۔ |
| ۵) کلاس میں آواز نہ کرو۔ | ٦) پولس کی وردی دیکھو۔ |
| ۷) اللہ رازق ہے۔ | ۸) گناہ گار دوزخ میں جائیں گے۔ |
| ۹) اردو میٹھی زبان ہے۔ | ۱۰) قلم اور دوات لاؤ۔ |
| ۱۱) نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود پڑھو۔ | ۱۲) دادی کا عینک کہاں ہے؟ |
| ۱۳) رمضان کے روزے رکھو۔ | ۱۴) اذان ہو رہی ہے۔ |

ب) خالی جگہ ذیل کے مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

| اُردو | روزے | ورزش | اذان | دوزخ | ژراف | درود | زردی | آزاد | رواج |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

| | |
|---|---|
| ۱) مؤذن ________ دے رہے ہیں۔ | ۲) گناہ گار ________ میں ہوں گے۔ |
| ۳) رمضان کے ________ رکھا کرو۔ | ۴) ________ ملک ہے۔ |
| ۵) انڈے کی ________ پیلی ہے۔ | ۶) ہر صبح ________ کیا کرو۔ |
| ۷) پُرانے ________ ختم کرو۔ | ۸) ________ میٹھی زبان ہے۔ |
| ۹) نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ________ پڑھو۔ | ۱۰) ________ کی گردن لمبی ہوتی ہے۔ |

ج) 'ا' 'د' اور 'و' کو محاذی حروف سے جوڑ کر الفاظ بنوائیں۔

ا ← روی ________
ا ← درک ________
ا ← ذان ________

و ← ادی ________
و ← ارش ________
و ← رزش ________

د ← وات ________
د ← وزخ ________
د ← رزی ________

د) الفاظ اور اِن کے معنی زبانی یاد کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| زردی = پیلا پن | وردی = لباس | درزی = ٹیلر |
| رازق = رزق دینے والا | آرزو = خواہش | زوال = نقصان |
| دوات = سیاہی رکھنے کا ظرف | روزن = سوراخ | درزن = کپڑے سینے والی |

نوٹ :- اِس سبق سے کوئی دس الفاظ اِملا کرائیں۔

☜ چار الگ الگ حروفی الفاظ لکھنے کی مشق۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اُداس | | | | | | |
| اذان | | | | | | |
| آزاد | | | | | | |
| اُردو | | | | | | |
| دادا | | | | | | |
| درزی | | | | | | |
| دوری | | | | | | |
| دوزخ | | | | | | |
| درود | | | | | | |
| ڈوری | | | | | | |
| رازق | | | | | | |
| زردی | | | | | | |
| زوال | | | | | | |
| وادی | | | | | | |
| وارث | | | | | | |
| وردی | | | | | | |
| ورزش | | | | | | |

# سبق نمبر ۸

چار حروفی مرکب الفاظ کی مشق۔

| | | |
|---|---|---|
| ن+ع+م+ت= نعمت | ع+ج+ی+ب= عجیب | ج+ن+گ+ل= جنگل |
| ح+ک+م+ت=حکمت | ب+ل+ب+ل= بلبل | م+ح+ن+ت= محنت |

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کشمش | درخت | حکمت | نعمت | بُلبل | محنت | جنگل | منبر | غلیظ |
| قرآن | اناج | مسجد | ممکن | پلنگ | محبت | ٹیلر | فقیر | ہندو |
| مریض | نیکی | رحیم | غلیل | نجیب | صحبت | مکان | لگام | پیام |
| کیچڑ | ثبوت | صحیح | حیرت | غیبت | قیمت | طبیب | طاقت | گناہ |

الف) اِن جملوں کو روانی سے پڑھیں اور چار حروفی الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱) انسان عجیب چیز ہے۔ | ۲) اس مسجد کا مینار بلند ہے۔ | ۳) اللہ حکمت والا ہے۔ |
| ۴) شیر جنگل کا راجہ ہے۔ | ۵) درخت پر بلبل ہے۔ | ۶) منبر پر بیان ہو رہا ہے۔ |
| ۷) غلیل حامد کو دو۔ | ۸) نبی سے محبت کرو۔ | ۹) نیکوں کی صحبت میں رہو۔ |
| ۱۰) بچّہ پلنگ پر سو رہا ہے۔ | ۱۱) آج کی کھیر میٹھی ہے۔ | ۱۲) امام صاحب منبر پر ہیں۔ |
| ۱۳) ماں باپ سے محبت رکھو۔ | ۱۴) جیسا کروگے ویسا پاؤ گے۔ | ۱۵) کشمش لذیذ میوہ ہے۔ |
| ۱۶) احمد قرآن پڑھ رہا ہے۔ | ۱۷) وہ کیچڑ میں لتپت ہے۔ | ۱۸) بڑوں کی خدمت کرو۔ |
| ۱۹) گڑیا حسین ہے۔ | ۲۰) مالے میں موتی ہے۔ | ۲۱) کل مکان کا کرایہ دیا گیا۔ |

**ب) خالی جگہ ذیل کے مناسب الفاظ سے پُر کریں۔**

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بکری | سانپ | صابن | مکڑی | تتلی | سورج | کشتی | جگنو | چیتا | اِملی |

| | |
|---|---|
| ۱) ________ رات میں چمکتا ہے۔ | ۲) ________ تیز رفتار سے دوڑتا ہے۔ |
| ۳) ________ مشرق سے نکلتا ہے۔ | ۴) ندی میں ________ ہے۔ |
| ۵) ________ جالا بنتی ہے۔ | ۶) اچھی طرح ________ سے نہائیں۔ |
| ۷) ________ کھٹی ہوتی ہے۔ | ۸) ________ رنگین ہوتی ہے۔ |
| ۹) ________ گھانس کھاتی ہے۔ | ۱۰) ________ زہریلا ہوتا ہے۔ |

**ج) مناسب جوڑیاں لگائیں۔**

۱) بلبل — کی صحبت میں رہو۔

۲) نیکوں — عمل کے واسطے ہے۔

۳) مسجد — کا کرایہ وقت پر ادا کرو۔

۴) قرآن — آباد کرو۔

۵) مکان — درخت پر ہے۔

**د) الفاظ اور اِن کے معنی زبانی یاد کریں۔**

| | | |
|---|---|---|
| نعمت = دولت | رحیم = رحم دل | بُلبل = چھوٹا سا پرندہ |
| طبیب = ڈاکٹر | حسین = خوب صورت | پیام = پیغام |
| نجیب = بزرگ | صحبت = دوستی | غلیظ = گندہ |

**ہ) حسب ذیل چار حروفی مفرد الفاظ پڑھیں۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| شادی | سودا | سردی | سورج |
| قُصور | سوال | سازش | سُراغ |
| شراب | جواب | صادق | صورت |
| طواف | جہاز | طارق | عورت |
| نماز | نازک | گاؤں | مُدرس |
| نواب | ناری | عادی | کلاس |
| پہاڑ | قیدی | ہادی | پیاز |

**و) خالی جگہ مناسب حرف سے پُر کریں۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| طا___ق | طوا___ | عور___ | جہا___ |
| پہا___ | مُدر___ | نما___ | قید___ |
| گاؤ___ | پیا___ | ہاد___ | ناز___ |
| کلا___ | نوا___ | عا___ی | نا___ی |
| صو___ت | صاد___ | جو___ب | شر___ب |
| قُصو___ | سُرا___ | سوا___ | سا___ش |
| سو___ج | سر___ی | سو___ا | شا___ی |

**نوٹ:- اِس سبق سے کوئی دس الفاظ اِملا کرائیں۔**

☜ چار حروفی مرکب الفاظ کے لکھنے کی مشق۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بیاہ | | | | | | |
| پلنگ | | | | | | |
| جنگل | | | | | | |
| جہاز | | | | | | |
| حیرت | | | | | | |
| خراش | | | | | | |
| شباب | | | | | | |
| صحبت | | | | | | |
| صحیح | | | | | | |
| طبیب | | | | | | |
| عجیب | | | | | | |
| غلیظ | | | | | | |
| فقیر | | | | | | |
| کریم | | | | | | |
| لگان | | | | | | |
| محبت | | | | | | |
| نعمت | | | | | | |

# سبق نمبر ۹

☜ پانچ حروفی الفاظ کی مشق۔

| | | |
|---|---|---|
| م+ہ+م+ا+ن= مہمان | ح+ا+ل+ا+ت= حالات | ب+ا+د+ا+م= بادام |
| ع+م+ا+ر+ت= عمارت | ت+ا+ل+ا+ب= تالاب | م+ز+د+و+ر= مزدور |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بادام | حالات | بھارت | شاباش | تعلیم | ناراض | خزانہ | ضرورت |
| اسباق | سامان | زلزلہ | شاداب | سلطان | تندور | تنویر | دیوار |
| امرود | مزدور | نیلام | بندوق | صندوق | تالاب | بدنام | عمارت |
| جماعت | انعام | سیلاب | نقصان | عافیت | عاقبت | قاعدہ | بازار |

الف) اِن جملوں کو روانی سے پڑھیں اور پانچ حروفی الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔

| | |
|---|---|
| ۱) یہ بادام کا درخت ہے۔ | ۲) تندور گرم ہو رہا ہے۔ |
| ۳) آج یومِ مزدور ہے۔ | ۴) سلطان بہادر لڑکا ہے۔ |
| ۵) استاذ نے بچوں کو شاباش کہا۔ | ۶) گناہوں سے زلزلے آئیں گے۔ |
| | ۸) بچّے نورانی قاعدہ پڑھ رہے ہیں۔ |
| ۹) دیوار پر نصیحت کی بات ہے۔ | ۱۰) اللہ کے پاس نہ ختم ہونے والا خزانہ ہے۔ |
| ۱۱) امرود بہت میٹھا ہے۔ | ۱۲) عابدہ کو تعلیمی میدان میں انعام ملا۔ |
| ۱۳) تالاب بہت زیادہ گہرا ہے۔ | ۱۴) اب حالات خراب ہو گئے ہیں۔ |

ب) مزید پانچ حروفی مرکبات ( ملے ہوئے حروف ) کی مشق۔

| | |
|---|---|
| م+خ+ت+ل+ف=مختلف | ک+ی+ف+ی+ت=کیفیت |
| س+ل+ط+ن+ت=سلطنت | م+ل+ک+ی+ت=ملکیت |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سلطنت | مصیبت | شخصیت | حیثیت | طبیعت | ملکیت | گفتگو | حقیقت |
| نصیحت | تکلیف | نمکین | مختلف | نظمیں | قسمیں | کیفیت | تشخیص |
| تفہیم | منتظم | مملکت | کمشنر | جلیبی | بُلبلا | فضیلت | صحیفہ |
| ممتحن | تعظیم | منتشر | تلمیح | طفیلی | پسینہ | سفینہ | لطیفہ |

ج) مناسب جوڑیاں لگائیں۔

| | |
|---|---|
| ۱) دھواں | چھائے ہیں۔ |
| ۲) کنواں | کُوک رہی ہے۔ |
| ۳) بادل | اُٹھ رہا ہے۔ |
| ۴) کوئل | قومی پرندہ ہے۔ |
| ۵) کھیتی | زہریلا ہے۔ |
| ۶) سانچ | گہرا ہے۔ |
| ۷) سانپ | کو آنچ نہیں۔ |
| ۸) مور | ہری بھری ہے۔ |

د) اِن جملوں کو روانی سے پڑھیں اور پانچ حروفی الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔

| | |
|---|---|
| ۱) مصیبت میں رب یاد آتا ہے۔ | ۲) نظمیں ترنم سے پڑھا کریں۔ |
| ۳) انسان کی حیثیت کیا ہے؟ | ۴) غمگین رہنا اچّھی بات نہیں۔ |
| ۵) باغ میں مختلف پھول ہیں۔ | ۶) گفتگو میں نرمی برتا کرو۔ |
| ۷) جھوٹی قسمیں ہر گز نہ کھایا کرو۔ | ۸) اسلام کی تعلیم یکجہتی ہے۔ |
| ۹) اچّھی نصیحت کارآمد ہوتی ہے۔ | ۱۰) اصل چیز کی حقیقت پہچانو۔ |
| ۱۱) استاذ جی کی طبیعت خراب ہے۔ | ۱۲) بُزرگوں کی تعظیم کرو۔ |
| ۱۳) غمگین چہرہ کوئی پسند نہیں کرتا۔ | ۱۴) اردو کی نظمیں اچّھی ہوتی ہیں۔ |

ہ) بے ترتیب الفاظ کو ترتیب دے کر جملے لکھیں۔

مثلاً:- پولیس | بندوق | ہے | کے پاس — پولیس کے پاس بندوق ہے۔

گھانس | ہے | کھارہا | خرگوش — ______

پر | ہیں | تارے | آسمان — ______

ہے | ملک | بھارت | ہمارا — ______

رہا | مینڈک | ہے | پھدک — ______

سیکھو | اور | سکھاؤ | علم — ______

و) اِن الفاظ کا اِملا دُرست کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مثلاً:۔ | قرگوش= خرگوش | کبوطر=______ | تسویر=______ |
| | مسیبت=______ | حاتھی=______ | مزبوت=______ |
| | صیب=______ | سابن=______ | ہزرت=______ |
| | اورت=______ | دانط=______ | خدرت=______ |
| | دوصت=______ | سورط=______ | قدمت=______ |
| | سندوخ=______ | دوزق=______ | سابت=______ |
| | ہوز=______ | زرورت=______ | فیسلہ=______ |
| | بتق=______ | نماذ=______ | مریز=______ |
| | حادی=______ | پیاذ=______ | خلم=______ |

ز) الفاظ اور اِن کے معنی زبانی یاد کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| شخصیت = آدمی | گفتگو = بات چیت | سلطنت = حکومت |
| تفہیم = سمجھانا | تشخیص = جانچ | تلمیح = کلام میں کسی قصّہ کی طرف اِشارہ کرنا |
| سفینہ = کشتی | نیلام = فروخت کرنا | ملکیت = جائیداد |
| حیثیت = طاقت | صحیفہ = کتاب | لطیفہ = چٹکُلا |
| تعظیم = عزّت | منتظم = اِنتظام کرنے والا | منتشر = بِکھرنے والا |

نوٹ:- اِس سبق سے کوئی دس الفاظ اِملا کرائیں۔

☜ پانچ حروفی مرکب الفاظ کے لکھنے کی مشق۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بُلبلا | | | | | | |
| پسینا | | | | | | |
| تکمیل | | | | | | |
| جلیبی | | | | | | |
| حقیقت | | | | | | |
| حیثیت | | | | | | |
| سفینہ | | | | | | |
| سلطنت | | | | | | |
| شخصیت | | | | | | |
| صحیفہ | | | | | | |
| طفیلی | | | | | | |
| غمگیں | | | | | | |
| فضیلت | | | | | | |
| گفتگو | | | | | | |
| لطیفہ | | | | | | |
| ملکیت | | | | | | |
| نصیحت | | | | | | |

# سبق نمبر ۱۰

☜ مشدّد الفاظ کی مشق۔

| | | |
|---|---|---|
| گ+ن+ن+ا= گنّا | ع+ز+ز+ت= عزّت | م+ک+ک+ہ= مکّہ |
| ک+د+د+و= کدّو | ش+ک+ک+ر= شکّر | ج+ن+ن+ت= جنّت |

**تشدید ( ّ ):-** یہ نشان حرف کے اوپر لگایا جاتا ہے۔اسے تشدید کہتے ہیں۔ جس حرف پر یہ علامت آئے اسے مشدّد کہتے ہیں۔ مشدّد حرف کو دو مرتبہ پڑھتے ہیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شکّر | اوّل | جنّت | جہنّم | مکّہ | چکّر | پتّہ | اُمّت |
| گنّا | لٹّو | کدّو | قصّہ | اچّھا | گدّی | کتّا | دلّی |
| لڈّو | پھلّی | رسّی | منّت | ضدّی | سوّر | سچّا | بچّہ |
| ربّر | پٹّی | پتّی | ابّا | غلّہ | بِلّی | مٹّی | چکّی |

**الف) اِس کہانی کو روانی سے پڑھیں اور مشدّد حروف کو اگلے صفحے کے خالی خانے میں لکھیں۔**

چُنّو، لٹّو سے کھیل رہا تھا۔ منّو سائیکل پر بیٹھا چکّر لگا رہا تھا۔ بِلّی، کتّے سے بچ کر بھاگ رہی تھی۔ دوڑتے دوڑتے بِلّی، منّو کی سائیکل سے ٹکرا گئی۔ چُنّو منّو جلدی سے بِلّی کو گھر لائے۔ فوراً امّی جان دوائی کا ڈبّہ لے آئیں۔ شنّو بھیّا نے زخم پر پٹّی باندھی۔ مُنّی، مٹّی کے کٹورے میں دودھ لے آئی۔ بِلّی نے دودھ پیا اور کھڑی ہو گئی۔ ابّا کو جب یہ قصّہ معلوم ہوا تو اُنھوں نے بچّوں کو شاباشی دی اور کہا کہ ”بچّو! اچّھے کام کرنے والوں کو جنّت میں جگہ ملتی ہے۔“

ب) اِس نظم کو پڑھ کر مناسب حرف پر تشدید (ّ) لگائیں۔

امی امی ابا آئے دلی سے ایک بلی لائے
چنو آؤ منو آؤ شبو آؤ شنو آؤ
چنو تم بھی لٹو لے لو چاہو تو یہ ٹٹو لے لو
شنو تم یہ لڈو لے لو شبو کو یہ رسی دے دو
امی امی ابا آئے امی امی ابا آئے

ج) درج ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کریں۔

مچّھر کھٹّی کچّا چکّی ٹٹّو لڈّو گنّا لٹّو دلّی مٹّی

| | |
|---|---|
| ۱) بچّہ ________ سے کھیل رہا ہے۔ | ۲) جام ________ ہے۔ |
| ۳) ________ بھنبھنا رہا ہے۔ | ۴) املی ________ ہے۔ |
| ۵) ________ تاریخی شہر ہے۔ | ۶) ہاتھی ________ شوق سے کھاتا ہے۔ |
| ۷) ________ سواری کے کام آتا ہے۔ | ۸) رضیہ ________ میں مت کھیلو۔ |
| ۹) ________ میں گیہوں پیستے ہیں۔ | ۱۰) تھال میں ________ رکھے ہیں۔ |

نوٹ:- اِس سبق سے کوئی دس الفاظ اِملا کرائیں۔

☜ مشدّد الفاظ کے لکھنے کی مشق۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | ابّا |
| | | | | | | اوّل |
| | | | | | | بچّی |
| | | | | | | بھیّا |
| | | | | | | بھٹّی |
| | | | | | | پٹّی |
| | | | | | | چکّر |
| | | | | | | ستّر |
| | | | | | | رسّی |
| | | | | | | شکّر |
| | | | | | | عزّت |
| | | | | | | کدّو |
| | | | | | | کوّا |
| | | | | | | گنّا |
| | | | | | | لٹّو |
| | | | | | | مٹّی |
| | | | | | | محرّم |

# سبق نمبر ۱۱

☜ ہکاری آواز والے (مرکب / مخلوط) حروف۔

حروفِ تہجی 'ا' سے 'ی' تک ہوتے ہیں جن کو سادہ آواز والے حروف کہتے ہیں۔ اُردو میں اِن حروف کی تعداد چھتّیس (۳۶) ہے۔ اِس کے علاوہ دو چشمی 'ھ' سے مل کر بننے والے حروف ''مرکب حروف'' یا ''ہکاری آواز والے حروف'' کہلاتے ہیں۔ ایسے حروف چودہ (۱۴) ہیں۔

| سادہ آواز والے حروف | ہکاری آواز والے حروف |
|---|---|
| ا ب پ ت ٹ ث | بھ پھ تھ ٹھ |
| ج چ ح خ | جھ چھ |
| د ڈ ذ ر ڑ ز ژ | دھ ڈھ ڑھ |
| س ش ص ض ط ظ | |
| ع غ ف ق ک گ | کھ گھ |
| ل م ن و ہ ی ے | لھ مھ نھ |

**الف) ذیل کے الفاظ کو صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔**

| | |
|---|---|
| باڑ | بھاڑ |
| پل | پھل |
| تالی | تھالی |
| ٹاٹ | ٹھاٹ |

| | |
|---|---|
| جاگ | جھاگ |
| چاٹ | چھاٹ |
| در | دھر |
| ڈول | ڈھول |

| | |
|---|---|
| پڑا | پڑھا |
| کار | کھار |
| گُل | گُھل |
| چولا | چولھا |

| | |
|---|---|
| مہنگا | مھنگا |
| ناک | نھی |

*نوٹ:- معیاری اُردو میں مہنگا کو دکنی اُردو میں مھنگا کہتے ہیں۔

**اوپر کے الفاظ میں نمایاں حروف کے تلفظ میں فرق بتائیں۔**

ب) ہکاری آوازوالے حروف سے بننے والے الفاظ سے واقفیت۔

| | | |
|---|---|---|
| بھ+و+ک = بھوک | بھ+و+ل = پھول | جھ+ا+ڑ = جھاڑ |
| گھ+ڑ+ی = گھڑی | دھ+و+پ = دھوپ | چھ+ر+ی = چھری |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھوت | بھینڈی | بھیک | بھارت | پھل | پھن | پھانسی | پھول |
| تھالی | تھوک | تھوڑا | تھام | ٹھنڈا | ٹھوس | ٹھگ | ٹھوکر |
| جھنڈا | جھولا | جھوٹ | جھاڑو | چھتری | چھاؤں | چُھری | چھوٹا |
| دھوبی | دھول | دھرتی | دودھ | ڈھال | ڈھول | پڑھ | بڑھ |
| بوڑھا | کھڑکی | کھیر | گھر | گھوڑا | چولھا | اُلھڑ | ننھا |

ج) اِس نظم کو ترنم سے پڑھیں اور مرکب حروف کے الفاظ پر غور کریں۔

جو کوئی بھی اُردو بولے　　　وہ محفل میں خوشبو گھولے
چھم چھم جیسے گھنگرو بولے　　　سر پر چڑھ کر جادو بولے
اتنا میٹھا لہجہ اِس کا　　　کوئل جیسے کُو کُو بولے
تن بھی ڈولے من بھی ڈولے　　　کوئی جب جب اُردو بولے

د) اِن الفاظ کو روانی سے پڑھیں۔ 'ہ' اور 'ھ' کے تلفظ میں فرق معلوم کریں۔

| | |
|---|---|
| بہن | بھن |
| پہل | پھل |
| تہرانا | تھرانا |

| | |
|---|---|
| جہر | جھر |
| چہل | چھل |
| دہن | دھن |

| | |
|---|---|
| ڈہرا | ڈھرّا |
| کہلانا | کھلانا |
| گہر | گھر |

ہ) درج ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کریں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چھتری | مکھی | جھولا | ڈھول | بڑھاپا | دودھ | گھڑی | تھیلی | پھول | دھوپ |

| | |
|---|---|
| ۱) بھینس ________ دیتی ہے۔ | ۲) ________ میں خوشبو ہوتی ہے۔ |
| ۳) لڑکی ______ جھول رہی ہے۔ | ۴) گرما میں ______ تیز ہوتی ہے۔ |
| ۵) ______ ٹِک ٹِک کرتی ہے۔ | ۶) ______ میں ترکاری ہے۔ |
| ۷) ______ گندی جگہ پر انڈے دیتی ہے۔ | ۸) شادی میں ______ بجاتے ہیں۔ |
| ۹) بارش میں ______ استعمال ہوتی ہے۔ | ۱۰) ______ دوسرا بچپن ہے۔ |

و) صحیح جوڑ لگا کر خالی جگہ میں جملے خوش خط لکھیں۔

۱) دھوبی کا گدھا — اَن پڑھ رہ جاؤ گے۔ ____________

۲) کھچڑی پکایا — مت کرو۔ ____________

۳) مچھلی — گھر کا نہ گھاٹ کا۔ ____________

۴) ڈھونگ — اور خوب کھایا۔ ____________

۵) نہیں پڑھو گے تو — جل کی رانی ہے۔ ____________

ز) الفاظ اور اِن کے معنی زبانی یاد کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| تہرانا = تیسری دفعہ کہنا | چولا = جسم، بدن | اَلّھڑ = بے پرواہ، نادان |
| ڈہرا = کشتی کی وہ جگہ جہاں تختوں کی درزوں سے پانی آکر جمع ہو گیا ہو | ڈھرّا = راستہ، شاہراہ | تھرانا = تہ سے اوپر آجانا |

نوٹ:- اِس سبق سے کوئی دس الفاظ اِملا کرائیں۔

☜ مشدّد الفاظ کے لکھنے کی مشق۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بھوت | | | | | | |
| بھینس | | | | | | |
| پھل | | | | | | |
| تھالی | | | | | | |
| تھوک | | | | | | |
| ٹھوکر | | | | | | |
| جھاڑو | | | | | | |
| جھنڈا | | | | | | |
| چھاؤں | | | | | | |
| چھتری | | | | | | |
| دھرتی | | | | | | |
| دھوبی | | | | | | |
| دھول | | | | | | |
| ڈھال | | | | | | |
| کھیر | | | | | | |
| کھوج | | | | | | |
| گھوڑا | | | | | | |

# سبق نمبر ۱۲

☜ نون کی دو حالتیں ہیں۔(۱) نونِ ظاہر اور (۲) نونِ غنہ

نون

نونِ ظاہر | نونِ غنہ

**نونِ ظاہر/نونِ تنوین:-** وہ نون جس کی آواز پورے طور پر ادا ہو نونِ ظاہر/نونِ تنوین کہتے ہیں۔

ننّھی منّی میری گڑیا!
ناک تیری کیوں گندی ہے؟
نام تو اِتنا اچّھا ہے
نہانے سے یہ نفرت کیا ہے؟

بالا نظم میں ننّھی، منّی، ناک، گندی، نام، اِتنا، نہانے اور نفرت یہ الفاظ **نونِ ظاہر** ہیں۔

**الف)** نونِ ظاہر کے مزید الفاظ موجود ہیں۔ غور کریں۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قرآن | زبان | مسلمان | انجمن | ایمان | انسان | احسان | آسمان | منصف |
| دیوان | والدین | پہچان | داستان | دین | روغن | مکان | میدان | خاندان |
| ممکن | خون | درمیان | کسان | بچپن | زمین | حیوان | جوان | دامن |
| پرندہ | انجام | منظور | انداز | بندر | بلندی | زندگی | پان | نشان |
| شیطان | رمضان | گردن | عمران | امتحان | اندھیرا | دشمن | انعام | مندر |
| پنجرہ | جان | ہرن | فون | تین | چمن | حَسَن | حُسین | زمانہ |

**نونِ غنہ :-** وہ نون جس کی آواز پوری ادا نہ ہو بلکہ ناک میں سے گنگنی سی آواز نکلے نونِ غنہ کہتے ہیں۔ نونِ غنہ جب لفظ کے آخر میں آئے تو نقطہ نہیں دیتے۔

○ اِس نظم کو حرکی ترنم سے پڑھیں۔

پڑھیں نمازیں ہر دِن پانچ
ورنہ ہے دوزخ کی آنچ
ماں کے قدموں میں جنت
کریں اگر دل سے خدمت
کریں گے کوئی ڈھنگ سے کام
پائیں گے وہ اُونچا مقام
غیبت اوروں کی کرتے کیوں
عذابِ جہنم پاتے کیوں
میری بات جو مانو تم
حاجت رب سے مانگو تم

بالا نظم میں پڑھیں، نمازیں، پانچ، آنچ، ماں، قدموں، کریں، ڈھنگ، پائیں، اُونچا، اوروں، کیوں اور مانگو یہ الفاظ نونِ غنہ ہیں۔

**ب) نونِ غنہ کے مزید الفاظ موجود ہیں۔ غور کریں۔**

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جواں | مکاں | دھواں | رواں | جہاں | کلیاں | انگور | عیاں | مکھیاں |
| کرسیاں | چیزیں | کہانیاں | سانپ | پہاڑیاں | پتنگ | کہاں | گلیاں | دانت |
| خوشیاں | اونگ | جنگ | جنگل | کانپ | بوند | ٹانگ | پلنگ | کانچ |
| کتابیں | پُونجی | آنچل | رانگ | بانٹ | مانگ | ڈھونگ | ڈھنگ | رنگ |
| انگلی | وہاں | میاں | گنبد | آنکھ | کنواں | اینٹ | مرغیاں | پانچ |
| اُمنگ | کنول | ہونٹ | سنور | جھونک | جنبش | عنبر | پنکھ | پھونک |

ج) ان نونِ غنہ والے الفاظ کو پڑھیں اور ہم وزن الفاظ کے جوڑیاں بنائیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مچھلیاں | بھانپ | دانت | رنگ | بکریاں | گاؤں |
| ڈھنگ | سنگ | پانچ | چھانپ | آنت | پھانس |
| بانگ | سانس | جاؤں | مانگ | آنچ | بھنگ |

مثلاً: رنگ - سنگ

د) اِن جملوں کو روانی سے پڑھیں اور نونِ غنہ والے لفظ کے نیچے خط کشید کریں۔

| | |
|---|---|
| ۱) وادیاں مہک رہی ہیں۔ | ۲) فیکٹیریوں سے دھواں نکل رہا ہے۔ |
| ۳) وہاں دور ایک جنگل ہے۔ | ۴) رنگ برنگی مچھلیاں پانی میں تیر رہی ہیں۔ |
| ۵) بڑوں کا ادب کرو۔ | ۶) بکریاں گھاس کھا رہی ہیں۔ |
| ۷) اونٹ ریگستانی جہاز ہے۔ | ۸) کتابیں خوب صورت ہیں۔ |
| ۹) سماں سہانا ہے۔ | ۱۰) دیوالی میں پٹاخوں کی دھوم ہوتی ہے۔ |

ہ) الفاظ اور اِن کے معنی زبانی یاد کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| آنچل = دوپٹے کا سرا | عیاں = ظاہر | رواں = جاری |
| منصف = انصاف کرنے والا | پُونجی = دولت | ڈھونگ = تماشا |
| انجمن = محفل، کمیٹی | کنواں = باولی | روغن = تیل |

نوٹ :- اِس سبق سے کوئی دس الفاظ اِملا کرائیں۔

# سبق نمبر ۱۳

☜ حروف علّت تین ہیں۔'ا'،'و' اور'ی'۔

☜ 'الف' کی دو حالتیں ہیں۔پہلا الف ممدودہ ( آ ) اور دوسرا الف مقصورہ ( ا )

الف

الف ممدودہ ( آ ) — الف مقصورہ (ا)

**الف ممدودہ(آ):-** وہ الف جس پر مد ( ~ ) ہو الف ممدودہ کہلاتا ہے۔اِسے تھوڑا کھینچ کر پڑھتے ہیں۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آتش | آنکھ | آنسو | آگ | آبادی | آبرو | آٹا | آثار | آس |
| آخر | آداب | آرام | آنچل | آلودگی | آزاد | آسان | آسرا | آپا |
| آدمی | آشنا | آغاز | آفتاب | آقا | آلات | آواز | آئینہ | آکاش |

**الف مقصورہ( ا ):-** وہ الف جسے کھینچ کر نہ پڑھا جائے الف مقصورہ کہتے ہیں۔اِس کی دو صورتیں ہیں۔

**پہلی صورت:-** سادہ الف کی ہے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انجمن | اُلفت | اندھیرا | اجنبی | ادب | ابر | ادا | اوزار | انسان | احسان |
| اِس | اکثر | اب | اُردو | افراد | اُداس | اسلام | امیر | افسانہ | اینٹ |

**دوسری صورت:-** وہ الف جو یائے معروف "یٰ" پر آئے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مولیٰ | اعلیٰ | تقویٰ | فتویٰ | ادنیٰ | موسیٰؑ | عیسیٰؑ |

الف) اِس نظم کو ترنم سے پڑھیں۔الف ممدودہ پر ◯ اور الف مقصورہ پر ☐ بنائیں۔

موسم آم کا آیا ہے    ڈھیروں آم لایا ہے
کچھ ہیں میٹھے، کچھ ہیں کھٹّے    لال پیلے اور رسیلے
انور اکبر انجم آؤ    میٹھے آم کھاتے جاؤ
آؤ آؤ بچّو! آؤ    کھا کر آم مزے اُڑاؤ
آم پھلوں کا راجہ ہے
سب کے من کو بھاتا ہے

ب) ا - آ کے درمیان فرق جانیں۔

| | |
|---|---|
| اب | آب |
| اُٹھ | آٹھ |
| اُدھار | آدھار |
| امر | آمر |

| | |
|---|---|
| امین | آمین |
| اُن | آن |
| اندھی | آندھی |
| اِنچ | آنچ |

| | |
|---|---|
| انڈے | آنڈے |
| اِنس | آنس |
| اور | آور |
| ابرو | آبرو |

ج) الفاظ اوراِن کے معنی زبانی یاد کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| آثار= نشان، نقوش، علامت | افسانہ= قصّہ، کہانی | آغاز= ابتداء |
| اجنبی= انجانا، ناواقف شخص | ادنیٰ= چھوٹے درجہ کا | اُلفت= محبت |
| فتویٰ= شرعی حکم، مفتی کا فیصلہ | تقویٰ= پرہیزگاری | آفتاب= سورج |

نوٹ:- اِس سبق سے کوئی دس الفاظ اِملا کرائیں۔

# سبق نمبر ۱۴

☜ واؤ کی تین حالتیں ہیں۔(۱) واؤ معروف،(۲) واؤ مجہول اور(۳) واؤ معدولہ

واؤ

| واؤ معروف | واؤ مجہول | واؤ معدولہ |
|---|---|---|

**واؤ معروف:-** وہ واؤ جو اچھی طرح ظاہر کر کے پڑھی جائے۔

**اِشارہ:** تلگو حروف ’ఊ ఉ‘ (یا) ہندی حروف ’ऊ उ‘ کی آواز والا واؤ، واؤ معروف ہے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُردو | محسوس | مقبول | معمول | روپ | دوری | کاجو | سورج |
| قبول | قُصور | معلوم | مشغول | سوئی | حور | دھوپ | صورت |
| محبوب | منصور | خون | محکوم | جون | نوری | مجبور | صور |
| حروف | حکومت | مشہور | خاموش | کھجور | مولی | کبوتر | غدود |

**الف)** ذیل کے جملوں کو روانی سے پڑھیں۔ نمایاں کیے ہوئے الفاظ کے تلفظ پر غور کریں۔

| | |
|---|---|
| ۱) **لیمو** کھٹّا ہوتا ہے۔ | ۲) **دودھ** گلاس میں ہے۔ |
| ۳) **کبوتر** دانہ کھاتا ہے۔ | ۴) میرے **جوتے** اچّھے ہیں۔ |
| ۵) **انگور** میٹھا ہوتا ہے۔ | ۶) **سورج** غروب ہو رہا ہے۔ |
| ۷) **مولی** ایک ترکاری ہے۔ | ۸) **تربوز** لال ہے۔ |

**ب) درج ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کریں۔**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاقو | مشہور | چوڑیاں | پھول | پوریاں | امرود | جھولا | چوہا |

| | |
|---|---|
| ۱) ______ دوڑ رہا ہے۔ | ۲) تاج محل ______ عمارت ہے۔ |
| ۳) لڑکی ______ جھول رہی ہے۔ | ۴) ______ بہت خوب صورت ہے۔ |
| ۵) امّی جان ______ تل رہی ہیں۔ | ۶) طوطا ______ شوق سے کھاتا ہے۔ |
| ۷) صوفیہ نے لال ______ خریدے۔ | ۸) ______ تیز ہے۔ |

**واؤ مجہول:-** وہ واؤ جو اچھی طرح ظاہر کر کے نہ پڑھی جائے۔

**اِشارہ:** تلگو حروف 'ఓ ఔ' (یا) ہندی حروف 'ओ औ' کی آواز والا واؤ، واؤ مجہول ہے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کمزور | دولت | موز | جوڑی | روشن | ماحول | لوگ | قوم |
| جوگن | موٹر | لوہا | مومن | موم | چور | عورت | گھوڑا |
| مور | موڑ | جوکر | غور | ہونٹ | لومڑی | انگوٹھی | تول |
| موتی | فردوس | سبکدوش | جوش | کوئل | نوکر | انمول | چھوٹا |

**ج) جملے روانی سے پڑھیں اور واؤ مجہول والے الفاظ پر ◯ بنائیں۔**

| | |
|---|---|
| ۱) ڈھول بجا اور شور ہوا۔ | ۲) ایک آدمی کوٹ اور ٹوپی پہنا کھڑا تھا۔ |
| ۳) علم انمول موتی ہے۔ | ۴) پولیس چور کو پکڑتی ہے۔ |
| ۵) شاخ پر طوطا بیٹھا ہے۔ | ۶) جنگل میں مور ناچ رہا ہے۔ |

د) درج ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کریں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئل | بوتل | کوئلہ | کٹورہ | روٹی | انمول | دوڑ | چوٹ | ڈول | دھوبی |

| | |
|---|---|
| ۱) ________زمین سے حاصل ہوتا ہے۔ | ۲) ________ میں تیل ہے۔ |
| ۳) ________ میں کھیر ہے۔ | ۴) ________ گرم ہے۔ |
| ۵) ________ کپڑے دھورہا ہے۔ | ۶) ________ میں پانی ہے۔ |
| ۷) بچّے ________ رہے ہیں۔ | ۸) ہیرا ________ ہوتا ہے۔ |
| ۹) ________ کی کوک سریلی ہوتی ہے۔ | ۱۰) ________ لگنے سے خون نکلتا ہے۔ |

واؤ معدولہ:- وہ واؤ جو لکھنے میں آئے اور پڑھنے میں نہ آئے۔

| لکھنے کا طریقہ | خود | خواجہ | خویشاوند | درخواست | خواہش | خواب | خوانی | خوش |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا طریقہ | خُد | خاجہ | خےشاوند | درخاست | خاہش | خاب | خانی | خُش |

ہ) درج ذیل جملے روانی سے پڑھیں۔

| | |
|---|---|
| ۱) دسترخوان بچھاؤ۔ | ۲) خواندہ لوگ کی صحبت میں رہو۔ |
| ۳) خوردہ نہ بردہ ناحق درد گردہ۔ | ۴) خوشامد جھوٹی تعریف کو کہتے ہیں۔ |
| ۵) شیر خونخوار جانور ہے۔ | ۶) سورج کو فارسی میں خورشید کہتے ہیں۔ |
| ۷) خویشاوند عید منانے آئے ہیں۔ | ۸) بہن کو فارسی میں خواہر بھی کہتے ہیں۔ |

نوٹ:- اِس سبق سے کوئی دس الفاظ اِملا کرائیں۔

# سبق نمبر ۱۵

☜ 'ی' کی دو حالتیں ہیں۔(۱) یائے معروف اور (۲) یائے مجہول

ی

یائے معروف — یائے مجہول

**یائے معروف:-** وہ 'ی' جو خوب کھینچ کر پڑھی جائے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بکری | لاری | کھڑکی | مچھلی | اِملی | کرسی | کشتی | رانی |
| چیل | انجیل | جھیل | جلیل | تحلیل | دلیل | وکیل | خلیل |
| اجمیر | وزیر | لکیر | امیر | کھیر | فقیر | کبیر | ضمیر |
| ترتیب | غریب | مریض | تعریف | نیند | قیمت | رنگین | دین |
| زمین | اینٹ | دیوانہ | سیکھ | ایمان | حدیث | مینار | عید |

**الف)** درج ذیل جملے روانی سے پڑھ کر یائے معروف الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔

| | |
|---|---|
| ۱) مکڑی جالا بنتی ہے۔ | ۲) تتلی پھول پر بیٹھی ہے۔ |
| ۳) چیل ہوا میں اُڑ رہی ہے۔ | ۴) کھیر میٹھی ہے۔ |
| ۵) جھیل میں مچھلی ہے۔ | ۶) عید خوشی لاتی ہے۔ |
| ۷) مرغی انڈا دیتی ہے۔ | ۸) لڑکی کرسی پر بیٹھی ہے۔ |
| ۹) ہاتھی موٹا ہے۔ | ۱۰) گڑیا حسین ہے۔ |

**ب) دیئے گئے لفظوں سے زائد حرف نکال کر صحیح لفظ قوسین میں لکھیں۔**

| | | |
|---|---|---|
| مثال: مروتی ( موتی ) | ۴- کھٹیر ( ) | ۸- تکتلی ( ) |
| ۱- کروسی ( ) | ۵- فقایر ( ) | ۹- کشمتی ( ) |
| ۲- جھبیل ( ) | ۶- چکیل ( ) | ۱۰- رابنی ( ) |
| ۳- لڑوکی ( ) | ۷- علید ( ) | ۱۱- مکڑلی ( ) |


**یائے مجہول:-** وہ 'ی' جو جلد ادا کریں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھیل | تیل | جیل | غلیل | ریل | بیل | اپریل | مریل |
| خیر | تیز | میز | سیر | پیڑ | بیر | غیر | شیر |
| نیک | کھیت | بیکار | سفید | سیب | دیگ | جیب | پیٹ |
| حیوان | کیفیت | شیطان | میدان | حُسین | تیار | والدین | حیدرآباد |

**ج) ذیل کی عبارت پڑھ کر یائے مجہول والے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔**

ریشما، ریحان، فیض اور سلطانہ آپس میں دوست تھے۔ ایک دِن وہ سیر کے لیے گئے۔ پاس ہی ایک تالاب تھا۔ جہاں بہت سارے لوگ اور بچے کھیل رہے تھے۔ یہ چاروں بھی کھیل میں شریک ہوگئے اور خوب مزے لوٹنے لگے۔ کھیل کھیل میں اچانک ریحان کا پیر پھسل گیا اور وہ تالاب میں جا گرا۔ ریحان مدد کے لیے چلانے لگا۔ وہاں بہت سارے لوگ جمع ہوگئے۔ لیکن کسی نے بھی ریحان کو بچانے کی کوشش نہیں کی۔ ریحان کا دوست فیض فوراً تالاب مین کود پڑا۔ اور ریحان کو تالاب سے باہر نکال لایا۔ فیض کی بہادری پر وہاں موجود سب لوگوں نے اُسے شاباشی دی۔

د) تیر کے نشان کی مدد سے حروف جوڑتے ہوئے الفاظ پڑھیں اور لکھیں۔




۱) ______________

۲) ______________

۳) ______________

۴) ______________

۵) ______________

۶) ______________

۷) ______________

۸) ______________

۹) ______________

ہ) غیر متعلق لفظ کو قوسین میں لکھیں۔

۱) جمیل ریل دلیل وکیل (          )

۲) پولیس میز چیز کھیر (          )

۳) جیل بیل تیل چیل (          )

۴) تتلی مکڑی بھیڑ بکری (          )

۵) تھیلا پھیلا مَیلا چمکیلا (          )

۶) وسطین رنگین سنگین شوقین (          )

نوٹ:- اِس سبق سے کوئی دس الفاظ اِملا کرائیں۔

# سبق نمبر ۱۶

☜ واحد اور جمع کی مشق۔

**واحد:-** واحد وہ لفظ ہے جس سے صرف ایک چیز سمجھی جائے۔ جیسے: لڑکا، گھوڑا، ڈبّہ وغیرہ۔

**جمع:-** وہ لفظ ہے جس سے دو یا دو سے زیادہ چیزیں سمجھی جائے۔ جیسے: لڑکے، گھوڑے، ڈبّے وغیرہ۔

| واحد | جمع | واحد | جمع | واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لڑکا | لڑکے | کرسی | کرسیاں | ہوا | ہوائیں | کتاب | کتابیں |
| گھوڑا | گھوڑے | لڑکی | لڑکیاں | گھٹا | گھٹائیں | بات | باتیں |
| اندھا | اندھے | کشتی | کشتیاں | دُعا | دُعائیں | عادت | عادتیں |
| کمرہ | کمرے | نیکی | نیکیاں | ادا | ادائیں | کہاوت | کہاوتیں |
| ہیرا | ہیرے | روٹی | روٹیاں | تمنا | تمنائیں | زبان | زبانیں |
| بندہ | بندے | بازی | بازیاں | سزاء | سزائیں | تلوار | تلواریں |
| دروازہ | دروازے | مرغی | مرغیاں | بلا | بلائیں | مالن | مالنیں |
| پیمانہ | پیمانے | تھالی | تھالیاں | دوا | دوائیں | بوتل | بوتلیں |
| خیمہ | خیمے | باندی | باندیاں | غذاء | غذائیں | عبادت | عبادتیں |
| بکرا | بکرے | غلطی | غلطیاں | وفا | وفائیں | نفرت | نفرتیں |

**الف) خالی جگہوں میں خط کشیدہ الفاظ کی جمع لکھ کر جملے مکمل کریں۔**

۱) گھر میں لڑکا کھیل رہا ہے۔ اسکول میں ________ کھیل رہے ہیں۔

۲) راجو نے ایک تتلی پکڑی۔ دوسری ________ اُڑ گئیں۔

۳) ایک بچّہ رو رہا ہے۔ لیکن ساتھی ________ ہنس رہے ہیں۔

۴) ایک روٹی ٹھنڈی ہے۔ باقی ________ گرم ہیں۔

۵) ایک جھونپڑی میں روشنی تھی۔ بستی کی دوسری ________ تاریک تھیں۔

**ب) مناسب لفظ چُن کر خالی جگہوں کو پُر کریں۔**

۱) ________ اُڑ رہی ہیں۔ ( مکّھی - مکّھیاں )

۲) ________ کھیل رہی ہیں۔ ( لڑکی - لڑکیاں )

۳) ________ لڑ رہی ہیں۔ ( بلّی - بلّیاں )

۴) ________ بھونک رہا ہے۔ ( کتّا - کتّے )

۵) ________ پر چڑیا ہے۔ ( درخت - درختوں )

**ج) ذیل میں واحد کی جمع، جمع کی واحد لکھیں۔**

| واحد | جمع |
|---|---|
| بیٹا | |
| | نقشے |
| | ستارے |
| کتاب | |

| واحد | جمع |
|---|---|
| | تھیلیاں |
| مچھلی | |
| ہیرا | |
| | عادات |

| واحد | جمع |
|---|---|
| کرتا | |
| | ہوائیں |
| | خوشیاں |
| کتّا | |

| واحد | جمع |
|---|---|
| | کرسیاں |
| بکری | |
| جوتا | |
| | قلمیں |

نوٹ:- اِس سبق سے کوئی دس الفاظ اِملا کرائیں۔

# سبق نمبر ۱۷

☜ ہم آواز الفاظ - اضداد کی جانکاری۔

**ہم آواز الفاظ:-** ایسے الفاظ جن کا تلفظ ایک ہی ہو مگر اِن کا اِملا الگ الگ ہو۔

**الف)** نیچے دیئے گئے ہم آواز الفاظ غور سے پڑھیں۔

| | |
|---|---|
| سدا | صدا |
| عصر | اثر |
| خبر | قبر |
| کسرت | کثرت |
| عرب | ارب |

| | |
|---|---|
| اقل | عقل |
| صورت | سورت |
| لعل | لال |
| نظر | نذر |
| سمر | ثمر |

| | |
|---|---|
| آم | عام |
| باد | بعد |
| باز | بعض |
| ارض | عرض |
| حل | ہل |

**اضداد:-** لفظ ضد کی جمع اضداد ہے۔ایسے الفاظ جو مفہوم کے لحاظ سے ایک دوسرے کے خلاف ہو۔

**الف)** نیچے دیئے گئے اضداد غور سے پڑھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| نیک | X | بد |
| اچھا | X | بُرا |
| دنیا | X | آخرت |
| زمین | X | آسمان |
| دن | X | رات |
| طول | X | عرض |

| | | |
|---|---|---|
| سوال | X | جواب |
| قدیم | X | جدید |
| صحیح | X | غلط |
| آباد | X | برباد |
| حلال | X | حرام |
| مالک | X | غلام |

| | | |
|---|---|---|
| تو | X | میں |
| تیرا | X | میرا |
| تمہارا | X | ہمارا |
| سرما | X | گرما |
| نیا | X | پُرانا |
| خاص | X | عام |

ظالم X مظلوم
رفیق X رقیب
اختلاف X اتحاد
خندہ X گریا
سرکاری X خانگی
مطلوب X طالب
داخلی X خارجی
میزبان X مہمان
تعریف X توہین
زرخیز X بنجر
بادشاہ X فقیر
لطیف X کثیف

نر X مادہ
شروع X ختم
شریف X کمینہ
سود X زیاں
کامل X ادھورا
فرزند X دختر
جنگ X امن
بہادر X بزدل
ازل X ابد
اصلی X نقلی
سونا X جاگنا
تکلیف X راحت

مشرق X مغرب
شمال X جنوب
تقدیر X تدبیر
بر X بحر
لمبا X چوڑا
حیات X موت
گزشتہ X آئندہ
بلند X پست
عروج X زوال
حق X باطل
حیا X بے حیا
عارض X مستقل

**ب) مناسب اضداد کی مدد سے جملے مکمل کریں۔**

۱) سورج ______ سے طلوع ہو کر ______ میں غروب ہوتا ہے۔ (مشرق، مغرب)

۲) مرغا ______ اور مرغی ______ ہے۔ ( نر، مادہ)

۳) ______ ملنے کے بعد ہر ایک کو ______ کا مزا چکنا لازم ہے۔ (حیات، موت)

۴) مدرسہ ۹ بجے ______ ہو کر ۲ بجے ______ ہوتا ہے۔ (شروع، ختم)

۵) بیٹے کو ______ اور بیٹی کو ______ کہتے ہیں۔ (فرزند، دختر)

۶) ______ سے جنّت اور ______ سے دوزخ ملتی ہے۔ (نیکی، بدی)

**نوٹ:- ہم آواز الفاظ اور اضداد کو دوسرے کُتب سے مزید اکھٹا کریں۔**

# سبق نمبر ۱۸

**جنس** سے مراد اسماء کی تذکیر و تانیث یعنی (نر اور مادہ)۔ جاندار اور بے جان اسموں یا چیزوں کے لحاظ سے **جنس** کی دو قسمیں کی گئی ہیں۔ (الف) جنس حقیقی اور (ب) جنس غیر حقیقی

**جنس**

- جنس حقیقی
- جنس غیر حقیقی

**جنس حقیقی:-** جانداروں کی تذکیر و تانیث کو کہتے ہیں۔ چونکہ قدرت نے جہاں مذکر (نر) پیدا کیا وہاں مونث (مادہ) کو بھی پیدا کیا ہے۔ اِس اعتبار سے جنس حقیقی کو جنس قدرتی بھی کہتے ہیں۔

| مذکر | مونث |
|---|---|
| باپ | ماں |
| مرد | عورت |
| بھائی | بہن |
| میاں | بیوی |
| ماموں | ممانی |
| چچا | چچی |
| خالو | خالہ |
| گھوڑا | گھوڑی |
| کبوتر | کبوتری |

| مذکر | مونث |
|---|---|
| لڑکا | لڑکی |
| نواب | بیگم |
| غلام | باندی |
| خان | خانم |
| بھانجا | بھانجی |
| پوتا | پوتی |
| شاعر | شاعرہ |
| بندہ | بندی |
| زندہ | زندی |

| مذکر | مونث |
|---|---|
| دھوبی | دھوبن |
| دولھا | دولھن |
| ناگ | ناگن |
| قوال | قوالن |
| پٹھان | پٹھانی |
| مغل | مغلانی |
| دیور | دیورانی |
| ملاّ | ملاّنی |
| درزی | درزن |

| مذکر | مونث |
|---|---|
| نر اژدھا | مادہ اژدھا |
| نر ریچھ | مادہ ریچھ |
| نر کوّا | مادہ کوّا |
| نر بطخ | مادہ بطخ |
| نر اُلو | مادہ اُلو |
| نر چیتا | مادہ چیتا |
| نر چیل | مادہ چیل |
| نر مچھلی | مادہ مچھلی |
| نر مینا | مادہ مینا |

**جنس غیر حقیقی:-** بے جان اِسموں کی تذکیر وتانیث (نراور مادہ) کو کہتے ہیں۔اِن کی کوئی خاص قاعدے نہیں ہیں۔ماہرین لسانیات نے جو قاعدے بتائے ہیں، وہ پیچیدگیوں سے خالی نہیں۔

**قاعدہ( ۱ ):** وہ الفاظ جن کے آخر میں ''الف'' یا'' ہ'' آئے وہ مذکر ہوتے ہیں۔

| مذکرالفاظ | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گھڑا | پیشہ | خیمہ | جگہ | نقشہ | کوزہ | کمرہ | پیمانہ |
| ٹوکرا | شیشہ | صفحہ | ڈھانچہ | کوچہ | ڈبّا | دروازہ | چشمہ |
| حقّہ | کنڈا | روضہ | لوہا | عقیدہ | کنارہ | زرّہ | عقیقہ |
| کپڑا | نسخہ | آئینہ | چولھا | کوڑا | علاقہ | دریچہ | ڈیرا |
| سیارہ | ہفتہ | آٹا | محلّہ | حاشیہ | قطرہ | آستانہ | نگینہ |
| ستارہ | ٹیلا | خاکہ | کوئلہ | ہیرا | غلّہ | احاطہ | چرخہ |

**نوٹ:** بعض الفاظ ایسے ہیں جو اِس قاعدہ سے مستثنیٰ ہیں۔

**جیسے:** ادا، قضاء، عقبیٰ، حیا، رضا، خطا، سزا، گھٹا، جمنا، چھالیا، گنگا، جزا، پوجا، وغیرہ۔

**قاعدہ( ۲ ):** وہ الفاظ جن کے آخر میں یائے معروف ''ی'' ہوتی ہے،عام طور پر مونث ہوتے ہیں۔

| مونث الفاظ | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لکڑی | فارسی | دھرتی | مفلسی | کھوٹی | جوتی | تالی | انگریزی |
| ڈبّی | غلطی | تُلسی | رسی | تھالی | چاندی | ڈائری | خشکی |
| درانتی | رسوائی | کُنجی | ڈفلی | ہڈی | خوشی | کلہاڑی | زندگی |
| کشتی | ہندی | روٹی | سبزی | پریشانی | بندگی | عربی | مٹّی |

**نوٹ:** بعض الفاظ ایسے ہیں جو اِس قاعدہ سے مستثنیٰ ہیں۔

**جیسے:** موتی، گھی، پانی، دہی، وغیرہ۔

**الف) ذیل کی کہانی پڑھیں اور مذکر، مونث الفاظ علاحدہ کریں۔**

احمد کی سالگرہ تھی۔ اُس نے اپنے دوستوں کو دعوت دی۔ لڑکیاں اور لڑکے دعوت میں آئے۔ احمد کے ابّا نے اپنے رشتہ داروں کو بلایا۔ نانا، نانی کیک لائے۔ چاچا، چاچی مٹھائی لے آئے اور ماموں، ممانی پھول لائے۔ احمد کی ماں نے بریانی پکائی۔

احمد نے گھر میں ایک بلی اور کتّا پالا تھا اور کچھ کبوتر بھی تھے۔ لڑکوں نے کتّے سے کھیلا اور بلی کو دودھ پلایا۔ لڑکیوں نے کبوتروں کو دانہ کھلایا۔ تمام دوستوں نے مل کر بہت مزے اُڑائے۔ خوشی خوشی دعوت میں لذیذ کھانا کھایا اور گھر واپس چلے گئے۔

| مذکر | مونث |
|---|---|
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |
| ______ | ______ |

**ب) خالی جگہوں کو دیئے گئے مناسب الفاظ سے مکمل کریں۔**

**مثال:** میری بہن بہت پیاری ہے۔ (بھائی - بہن)

۱) ______ بانگ دیتا ہے۔ (مرغا - مرغی)

۲) ______ کپڑے دھوتی ہے۔ (دھوبی - دھوبن)

۳) ______ روٹی پکاتی ہے۔ (ماں - بابا)

۴) ______ بھونک رہا ہے۔ (کتیا - کتّا)

**نوٹ :- اِس سبق سے کوئی دس الفاظ اِملا کرائیں۔**

# گِنتی

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
| ایک | دو | تین | چار | پانچ | چھ | سات | آٹھ | نو | دس |
| ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ |
| گیارہ | بارہ | تیرہ | چودہ | پندرہ | سولہ | سترہ | اٹھارہ | اُنّیس | بیس |
| ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ |
| اکیس | بائیس | تیئیس | چوبیس | پچّیس | چھبیس | ستائیس | اٹھائیس | اُنتیس | تیس |
| ۳۱ | ۳۲ | ۳۳ | ۳۴ | ۳۵ | ۳۶ | ۳۷ | ۳۸ | ۳۹ | ۴۰ |
| اکتیس | بتّیس | تینتیس | چونتیس | پینتیس | چھتیس | سینتیس | اڑتیس | اُنچالیس | چالیس |
| ۴۱ | ۴۲ | ۴۳ | ۴۴ | ۴۵ | ۴۶ | ۴۷ | ۴۸ | ۴۹ | ۵۰ |
| اکتالیس | بیالیس | تینتالیس | چوالیس | پینتالیس | چھیالیس | سینتالیس | اڑتالیس | اُنچاس | پچّاس |
| ۵۱ | ۵۲ | ۵۳ | ۵۴ | ۵۵ | ۵۶ | ۵۷ | ۵۸ | ۵۹ | ۶۰ |
| اِکاون | باون | ترِپن | چوّن | پچپن | چھپّن | ستّاون | اَٹھاون | اُنسٹھ | ساٹھ |
| ۶۱ | ۶۲ | ۶۳ | ۶۴ | ۶۵ | ۶۶ | ۶۷ | ۶۸ | ۶۹ | ۷۰ |
| اکسٹھ | باسٹھ | ترِسٹھ | چونسٹھ | پینسٹھ | چھیاسٹھ | سڑسٹھ | اَڑسٹھ | اُنہتّر | ستّر |
| ۷۱ | ۷۲ | ۷۳ | ۷۴ | ۷۵ | ۷۶ | ۷۷ | ۷۸ | ۷۹ | ۸۰ |
| اکھتّر | بہتّر | تہَتّر | چوہتر | پچھتّر | چھہتّر | ستتّر | اَٹھتّر | اُناسی | اَسّی |
| ۸۱ | ۸۲ | ۸۳ | ۸۴ | ۸۵ | ۸۶ | ۸۷ | ۸۸ | ۸۹ | ۹۰ |
| اِکاسی | بِیاسی | ترِاسی | چوراسی | پچاسی | چھیاسی | ستّاسی | اَٹھاسی | نواسی | نوّے |
| ۹۱ | ۹۲ | ۹۳ | ۹۴ | ۹۵ | ۹۶ | ۹۷ | ۹۸ | ۹۹ | ۱۰۰ |
| اکانوے | بانوے | ترِانوے | چورانوے | پچانوے | چھیانوے | ستّانوے | اَٹھانوے | ننّانوے | ایک سو |